


● کتاب: شرح شمائل ترمذی جلد دوم مؤلف: مولانا عبدالقیوم حقانی

ملنے کا پتا: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ۔ برانچ پوسٹ آفس خالق آباد نوشہرہ

حدیث کی خدمت کرنے والے محدثین میں امام ترمذیؒ کا نام صف اوّل کے محدثین میں شمار ہوتا ہے۔ ان کی کتاب شمائل ترمذی میں حضور ﷺ کے خصائل حمیدہ کا تذکرہ مثلاً عبادات میں انہماک، لباس کی وضع قطع، خوشبو کا استعمال، کھانا کھانے کی کیفیت، کھانے میں آپ ﷺ کو کیا پسند تھا، اپنے رب کے حضور گریہ زاری کا طرزِ عمل، گویا حضور ﷺ کی ہر ایک ادا کا ذکر کیا گیا ہے۔ جس کی عربی اردو میں بڑے علماء نے شروح لکھی ہیں۔

ہمارے محترم مولانا عبدالقیوم حقانی نے بڑی محنت شاقہ سے تمام شروح کو سامنے رکھ کر اکابر علماء دیوبند کے طرز اور مسلک ومزاج کے عین مطابق شمائل ترمذی کی شرح لکھ کر حدیث کے خدام میں اپنا نام رقم کرالیا ہے۔ یہ کتاب لغوی تحقیق، متعلقہ موضوع پر مضبوط دلائل، روایت حدیث کے مستند تذکرہ کے علاوہ کئی ایک علمی خوبیوں سے مرصع ہے۔

علماء، مدرسین، دورۂ حدیث کے طلباء اور حدیثِ رسول ﷺ سے محبت رکھنے والے پڑھے لکھے حضرات کے لیے یکساں مفید ہے۔ اسوۂ رسول کریم ﷺ کو سمجھنے کے لیے مینارۂ نور ہے۔ (تبصرہ: مولانا محمد مغیرہ)

● صلیبی دہشت گردی اور عالم اسلام (انٹرویوز مولانا سمیع الحق) مرتب: مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت: ۵۲۰ صفحات قیمت: ۲۴۰ روپے ناشر: القاسم اکیڈمی خالق آباد۔ نوشہرہ (سرحد)

مولانا سمیع الحق کی ذاتِ گرامی ہر اعتبار سے شہرت کی حامل ہے۔ زیرِ نظر کتاب مولانا کے انٹرویوز کا مجموعہ ہے۔ جس طرح ان انٹرویوز میں موضوعات کو وسیع تر تناظر میں دیکھا گیا ہے اسی طرح اس کتاب کا نام رکھتے ہوئے وسعت کو نظر انداز نہیں کیا گیا۔

کتاب کا نام ہے:

''اکیسویں صدی کی پہلی جنگ، معرکۂ صلیب وطالبان، صلیبی دہشت گردی اور عالم اسلام، طالبان افغانستان کے تناظر میں''

سرورق پر ایک وضاحتی نوٹ بھی دیا گیا ہے تاکہ موضوع مزید واضح ہوجائے۔

''جہادِ افغانستان، تحریک طالبان، ملا محمد عمر، اسامہ بن لادن، جہاد اور دہشت گردی، نظام شریعت سے مغرب کا بے جا خوف، دینی مدارس بالخصوص دارالعلوم حقانیہ، اسلام کے بارے مغرب کی لاعلمی اور غلط فہمیاں، امریکی اور مغربی دنیا

© rasailojaraid.com